Email: guldastabahar@gmail.com

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

روزنامہ

گلدستہ بہار

کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز پیر 31 اگست 2026ء 17 ربیع الاول 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 232

بانی پی ٹی آئی کی بہن بتا چکی عمران خان بالکل فٹ ہیں، وزیر دفاع

بیرون ملک بیٹھے پی ٹی آئی کے حامیوں کو ایک ایسے ماحول کی ضرورت ہے جس میں غم اور بے چینی پیدا ہو، خوف و ہراس پھیلے

پی ٹی آئی کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے، صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش اب بھی غیر ملکی میڈیا کے ذریعے جاری ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نے پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ عمران خان بالکل فٹ ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن کا بیان قطعی اور فیصلہ کن ہے، بانی کی بہن اور ذاتی ڈاکٹر کا اطمینان بخش بیان بیرون ملک حامیوں نے پسند نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پی ٹی آئی کے حامیوں کو ایک ایسے ماحول کی ضرورت ہے جس میں غم اور بے چینی پیدا ہو، تاکہ خوف و ہراس پھیلے، بڑے پیمانے پر احتجاج شروع ہوں، اور ایسا بحران پیدا ہو جو حکومت کی تبدیلی اور بانی کی واپسی کا باعث بن سکے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے، صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش اب بھی غیر ملکی میڈیا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

فیلڈ مارشل سے سعودی وزیر ماحولیات کی ملاقات، باہمی امور پر تبادلہ خیال

فیلڈ مارشل نے پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا

راولپنڈی (اے این این) فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر سے جی ایچ کیو میں سعودی عرب کے وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمان عبدالمحسن الفضلی نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اسلام آباد میں سی ڈی ڈبلیو پی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نواز شریف سے شہباز شریف، سید افتخار گیلانی اور چودھری طارق فاروق کی ملاقات

آزاد کشمیر کے عوام سے انتخابی مہم میں جو وعدے کئے تھے، اب انہیں عملی شکل دینے کا وقت ہے، ن لیگی حکومت ان کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لائے گی، نواز شریف

آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی ترجیحات میں شامل، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح کے اقدامات کیلئے وفاق ہر ممکن وسائل اور تعاون فراہم کرے گا، شہباز شریف

لاہور (اے این این) صدر مسلم لیگ ن نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف سے آزاد کشمیر کے نومنتخب وزیر اعظم افتخار گیلانی نے ملاقات کی جس میں عوام کے مسائل کے فوری حل پر زور دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس ملاقات میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سپیکر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی طارق فاروق بھی شریک ہوئے، صدر مسلم لیگ ن محمد نواز شریف، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آزاد جموں و کشمیر کے وزیر اعظم افتخار گیلانی اور سپیکر طارق فاروق کو مبارک باد دی۔ صدر پاکستان مسلم لیگ ن نے آزاد کشمیر میں صحت، تعلیم، صفائی، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں میں بہتری کے لئے پہلے 100 دنوں پر مشتمل اصلاحاتی منصوبہ وزیر اعظم آزاد کشمیر کے ساتھ شیئر کیا اور آزاد جموں و کشمیر کو جدت اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی ہدایت کی۔ میاں نواز شریف نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کو انتخابی مہم کے دوران آزاد کشمیر کے عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام سے انتخابی مہم میں جو وعدے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کوئٹہ: پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی اچکزئی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عوام جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

مقامی اخبارات بدترین بحران کا شکار ہیں، بلوچستان میڈیا فورم

نامہ نگاران اور سوشل میڈیا ورکرز کو درپیش معاشی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں، قیوم بلوچ

حکومت بلوچستان پرنٹ میڈیا کی بحالی اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے جامع پالیسی تشکیل دے، اللہ داد رند

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی، نائب صدور ندیم بابر مغل، رمضان بھٹو، شیخ فرید اور سلطان کرد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد علی ہزارہ، سیکرٹری اطلاعات اصغر بلوچ، گوندا راہبچہ، عامر بنگلزئی، صداقت بلوچ اور دیگر عہدیداروں نے بلوچستان کی پرنٹ میڈیا، مقامی اخبارات، نامہ نگاران اور ورکنگ جرنلسٹس کو درپیش سنگین معاشی اور پیشہ ورانہ مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں صحافت کے فروغ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں مقامی اخبارات اور صحافیوں کا کردار (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کی زیر صدارت ایکسل لوڈ کنٹرول رجیم سے متعلق اجلاس

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے ایکسل لوڈ کنٹرول رجیم کے مستقل اور پائیدار حل (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

مضبوط پورٹ سٹی رابطوں، کمیونٹی ہیلتھ کیئر کے خواہاں ہیں، جنید انوار چوہدری

بندرگاہیں اور شہر تاریخی طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور اس رشتے کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ بندرگاہوں کو روزگار، ٹیکس محصولات، لاجسٹکس، صنعتی سرگرمیوں اور واٹر فرنٹ کی تخلیق نو کے ذریعے بندرگاہی شہروں کی ترقی میں کردار ادا کرنا چاہیے، بندرگاہیں اور شہر تاریخی طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور اس رشتے کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ وزارت بحری امور کی جانب سے یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے کہا کہ اقتصادی فوائد اکثر بندرگاہی علاقوں سے باہر ہوتے ہیں تاہم ماحولیاتی اور سماجی اثرات اکثر بندرگاہی شہروں میں مرتکز ہوتے ہیں۔ شہری ترقی میں بندرگاہوں کے کردار کے حوالہ سے انہوں نے کہا کہ بندرگاہیں شہری اقتصادی ترقی کی محرک ہیں۔ انہوں نے آس پاس کی کمیونٹیز کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بندرگاہوں کے کردار کو بحال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

محکمہ صحت بلوچستان میں غیر حاضر ملازمین کے خلاف کریک ڈاؤن

100 سے زائد ملازمین برطرف مزید 402 کے خلاف کارروائی مکمل

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سخت ہدایات پر محکمہ صحت میں غیر حاضر اور غفلت برتنے والے ملازمین کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ حکومت بلوچستان کے مطابق محکمہ صحت میں غیر حاضری اور فرائض میں غفلت برتنے والے 11 ہزار ملازمین کی تنخواہوں سے مجموعی طور پر 29 کروڑ روپے کی کٹوتی کی گئی ہے، جبکہ 100 سے زائد ملازمین کو ملازمت سے برطرف کیا جا چکا ہے۔ حکام کے مطابق مزید 402 ملازمین کے خلاف کارروائی کا عمل بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔

قلات، ہیضہ کی وبا پھیلنے سے 2 بچے جاں بحق، متعدد متاثر، ایمرجنسی طبی سہولیات کا فقدان

ڈی ایچ او کی مہینوں سے غیر موجودگی پر عوامی تشویش، حکومت فوری میڈیکل ٹیمیں قلات روانہ کرے، متاثرہ علاقہ مکین

قلات (یو این اے) بلوچستان کے ضلع قلات میں ہیضہ کی وبا پھوٹ پڑی، مغلوئی کے رہائشی دو بچے جان کی بازی ہار گئے، جبکہ متعدد بچے متاثر، متاثرہ بچے مزید علاج کیلئے کوئٹہ مستونگ اور خضدار کیلئے منتقل، دور جدید میں بھی قلات میں علاج کی سہولت نہ ہونے اور حکومتی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل تک ختم نہیں ہوگا: نومنتخب وزیر اعظم

مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی دہشت گردی اور 5 اگست 2019 کے بھارتی جبری اقدامات کی شدید مذمت کرتا ہوں

مظفر آباد (اے این این) نومنتخب وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر محض زمین کے ٹکڑے کا مسئلہ نہیں، جب تک بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد نہیں کرتا، مسئلہ کشمیر ختم نہیں ہوگا۔ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے باہر میڈیا سے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ: پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری سے بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ریونس عزیز زہری کی قیادت میں جمعیت سے اراکین قومی اسمبلی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات، ملکی بندرگاہوں کی بہتری میں اہم پیشرفت

جدید آلات، سی سی ٹی وی نگرانی اور بہتر سیکورٹی سے کارگو معائنے کا عمل تیز اور شفاف بنانے کی تجویز

اسلام آباد (اے این این) پاکستانی بندرگاہوں کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے وزیر اعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات عملی اقدامات کر رہی ہے، جس کے تحت بندرگاہی نظام میں اصلاحات، جدید سہولیات اور مؤثر انتظامی اقدامات سے تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ بندرگاہی شعبے کیلئے ہنرمند افرادی قوت تیار کرنے کو عالمی معیار کا خصوصی تربیتی ادارہ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

آبنائے ہرمز سے متعلق شرائط کی فہرست تیار کر رہے ہیں، ایران

اہم مطالبہ خطے میں جاری جنگ اور فوجی کشیدگی کا خاتمہ ہے، محسن رضائی

تہران (اے این این) ایران نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کیلئے شرائط طے کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے جبکہ خبردار بھی کی کیا ہے کہ امریکا نے ایران کے خلاف کسی قسم کی جارحیت کی تو امریکی فوجی و معاشی مفادات کو ایسا نقصان پہنچایا جائے گا جسے تاریخ میں یاد رکھا جائے گا۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اشرافیہ کے پرائیویٹ علاج پر پابندی سے سرکاری ہسپتال بہتر ہوں گے، سینیٹر پرویز رشید

پمز جیسے ایسے روز پاکستان کی تقدیر بن چکے، ہم ایک نئے ایسے کا استقبال کرتے ہیں، اظہار خیال

اسلام آباد (اے این این) لیگی سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ اشرافیہ کے پرائیویٹ علاج پر پابندی لگائی جائے، اس پابندی سے ہی سرکاری ہسپتالوں میں بہتری آئے گی۔ جمعہ کہ سینیٹ کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر پرویز رشید نے کہا کہ پمز جیسے ایسے روز (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کوئلہ کانیں موت کا کنواں بن گئی، رواں سال 118 کانکن جاں بحق ہوئے

جولائی اور اگست کے مہینے میں صرف بلوچستان میں 50 سے زائد کان کن جاں بحق ہوئے: سلطان خان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے دکی کے علاقے معراج کول ایریا میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے نتیجے میں تین کان کنوں کی المناک ہلاکت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اس واقع کی شفاف تحقیقات اور ہلاک ہونے والے کانکنوں کے لواحقین کو مکمل معاوضے کی ادائیگی جبکہ کوئلہ کانوں میں حفاظتی اقدامات (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

قدرتی وسائل سے مالا مال خطے کے نوجوان دبئی میں مزدوری پر مجبور ہیں

مجبوب خان اچکزئی

حقوق کے حصول کا راستہ سیاسی مذاکرات اور اتحاد ہے، اپوزیشن لیڈر پاکستان پنجابی، سندھی، بلوچ، سرائیکی اور پشتون سب کا مشترکہ ملک، یہاں کوئی آقا اور غلام نہیں

پشتون قوم کا آخری راستہ بھی سیاسی مذاکرات ہی ہے، ہم کسی سے بھیک نہیں مانگتے اپنی سرزمین کے وسائل پر جائز اور آئینی حق چاہتے ہیں، گرینڈ پشتون قومی جرگہ سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محترم محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ریاست کو پشتونوں کی آواز اور ان کے بنیادی، آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کا مطالبہ سننا ہوگا، ہمیں اس امر پر مجبور نہ کیا جائے کہ ہم اپنا مقدمہ بین الاقوامی فورمز پر لے جائیں۔ بندوق کے زور پر ریاستی نظام چلایا جا سکتا ہے، نہ عوام کے ذہنوں، ان کے سیاسی شعور، آئینی حقوق اور وسائل پر مستقل قبضہ کیا جا سکتا۔ انہوں نے یہ بات جنوبی پشتونخوا کے تین روزہ عوامی جرگے سے اپنے افتتاحی خطاب میں کہی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن چیئرنگ کراس چوک میں دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

افغان طالبان رجیم کیخلاف افغانستان فریڈم فرنٹ کا محاذ متحرک

کابل (اے این این) افغان طالبان رجیم کے جابرانہ تسلط کیخلاف افغانستان میں سیاسی و مسلح مزاحمتی تحریکیں شدت اختیار کر چکی ہیں۔ افغانستان میں طالبان رجیم مخالف مسلح مزاحمتی تحریک افغانستان فریڈم فرنٹ کی ایک ماہ کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

سانحہ پمز، سینٹ میں پی پی پی اور پی ٹی آئی کا پر حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار

پمز واقعے کے ذمے داروں کو سزا دی جائے، واقعے کی طویل مدتی وجوہات کا بھی جائزہ لینا ہوگا سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے پمز اسپتال میں آتشزدگی کے واقعے پر حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا، پی ٹی آئی کے سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ واقعے کی طویل مدتی وجوہات کا بھی جائزہ لینا ہوگا، سینیٹ کی کمیٹی قائم کی جائے جبکہ پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ معاملے کی تحقیقات کیلئے پورے ایوان (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

چمن میں مدرسہ استاد کا مبینہ تشدد، معصوم بچی ملالی کی آنکھ ضائع ہوگئی

ڈپٹی کمشنر کا نوٹس، مدرسہ سیل؛ واقعے کی تحقیقات اور ذمہ دار کے خلاف کارروائی کا حکم

چمن (یو این اے) چمن کے علاقے حاجی خال میں مدرسے کی ایک کمسن طالبہ ملالی پر مدرسے کے استاد کی جانب سے مبینہ تشدد کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جس کے نتیجے میں بچی کی ایک آنکھ ضائع ہونے کی اطلاعات ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی نے نوٹس لیتے ہوئے مدرسہ سیل کرنے کے احکامات جاری کیے، جبکہ واقعے میں مبینہ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

یوم شہدا صحافت بلوچستان میڈیا فورم کا صوبہ بھر یوم سیاہ

یوم شہدا صحافت پر بلوچستان بھر میں یوم سیاہ، بازوں پر سیاہ پٹیاں پریس کلبز اور صحافتی دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے گئے

کوئٹہ (یو این اے) اندرون بلوچستان: بلوچستان میڈیا فورم کی کال پر یوم شہدا صحافت کے موقع پر کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں یوم سیاہ منایا گیا، جبکہ شہدا صحافت کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام بھی کیا گیا۔ اس موقع پر صحافیوں، سوشل میڈیا ایکٹوسٹس اور میڈیا سے وابستہ کارکنوں نے بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھیں، جبکہ پریس کلبز کی عمارتو (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

بھارت کی جانب سے بین الاقوامی ذمہ داریوں کی مسلسل خلاف ورزی قابل تشویش ہے، نائب وزیر اعظم

لندن (اے این این) پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے برطانوی وزیر خارجہ سے لندن میں وفود کی سطح پر ملاقات کی جس میں برطانوی وزیر خارجہ نے مشرق وسطی میں امن کے لیے پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

مکہ معاہدے کو مثبت نظر سے دیکھتے ہیں، شمولیت کی دعوت ملی تو ضرور غور کریں گے، بنگلا دیش

معاہدے میں توسیع عالمی مسلم برادری کے دفاع کے لیے اقدام ہوگا، خلیل الرحمان کا پارلیمنٹ میں خطاب

ڈھاکا (اے این این) بنگلا دیش کے وزیر خارجہ خلیل الرحمان نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے میں شمولیت کی دعوت ملی تو مثبت انداز میں غور کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

کوئٹہ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ گورنر ہاؤس کوئٹہ کیساتھ جاری عوامی دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں

مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاک ترک سٹریٹجک شراکت داری کا اظہار ہے، شہباز شریف

پاکستان اور ترکیہ کی مشترکہ خوشحالی اور سلامتی ہمارا عزم ہے، پاک ترک دوستی اور بھائی چارے کا رشتہ نسل در نسل مزید مضبوط ہو پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات دلوں کے رشتے ہیں

پاکستان اور ترکیہ کی مشترکہ خوشحالی اور سلامتی ہمارا عزم ہے پاک ترک شراکت داری تمام شعبوں میں مزید گہری کی جائے گی، شہباز شریف کی صدر رجب طیب اردوان، حکومت اور ترک عوام کو یوم فتح پر مبارکباد

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مشترکہ سلامتی اور اجتماعی دفاع کے لئے متحد ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر رجب طیب اردوان، حکومت اور ترک عوام کو یوم فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ 30 اگست غازی مصطفیٰ کمال اتاترک کی قیادت میں تاریخی فتح کی یاد دلاتا ہے، پاکستان ترک عوام کے ساتھ جرات اور قومی عزم کی قابل فخر میراث کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات دلوں کے رشتے ہیں، پاک ترک تعلقات صدیوں پر محیط مشترکہ ایمان، تاریخ اور جدوجہد سے مضبوط ہوئے، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مشترکہ سلامتی اور اجتماعی دفاع کیلئے متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاک ترک سٹریٹجک شراکت داری (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

لاہور: وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کر کے مسافروں کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

حکومت نے متنازع ٹیلی کمیونیکشن بل 2026 واپس لے لیا

اسلام آباد (اے این این) ایوان بالا میں حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026 واپس لے لیا۔ تفصیل کے مطابق سینیٹ اجلاس میں حکومت کی جانب سے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (ترمیمی) بل 2026 واپس لے لیا گیا۔ بل واپس لینے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کینیڈا میں پاکستانی نژاد خاتون رکن پارلیمنٹ کی گاڑی کو نذر آتش کر دیا

ٹورنٹو (جی این ایم) کینیڈا میں اسلاموفوبیا واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور شدت پسند تخریب کاروں سے مسلمانوں کی جان اور املاک کو شدید خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق کینیڈا کے شہر اسکاربورو میں ایک گھر کے ساتھ کھڑی گاڑی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ثروب سے مبینہ اغوا طالب علم بریال خان مندوخیل بحفاظت بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع ثروب سے مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ساتویں جماعت کے طالب علم بریال خان مندوخیل کو کوئٹہ پولیس نے بحفاظت بازیاب کروا لیا، جبکہ اغوا کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کر لیا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وزیر اعظم شہباز شریف کی بیرسٹر افتخار گیلانی کو آزاد جموں و کشمیر کا وزیر اعظم منتخب ہونے پر مبارکباد

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے بیرسٹر افتخار گیلانی کو آزاد جموں و کشمیر کا وزیر اعظم منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی فتح کا سہرا پارٹی قیادت بالخصوص میاں محمد نواز شریف اور پارٹی کارکنان کی محنت کو جاتا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

چالیس برس بھارتی قید میں گزارنے والے سپاہی مقبول حسین کی 8 ویں برسی

راولپنڈی (جی این ایم) سپاہی مقبول حسین کی 8 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وطن سے محبت اور فرض شناسی میں پاک فوج کے جوانوں کی قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہیں، وطن پر جب بھی کڑا وقت آیا، پاک فوج کے جوانوں نے جرات (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

مشعال ملک کا پمز ہسپتال کے اندر جانے کی اجازت نہ ملنے پر احتجاج

سانحہ انسانی غفلت کا نتیجہ، ذمہ دار حکومت ہے، وزیر صحت کو فوری طور پر استعفیٰ دے دینا چاہیے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے پمز ہسپتال کے اندر جانے کی اجازت نہ ملنے پر احتجاج کیا ہے۔ سانحہ پمز کے بعد مشعال ملک اپنی بیٹی کے ہمراہ پمز ہسپتال پہنچیں تاہم انتظامیہ نے انہیں اندر جانے سے روکا تو انہوں نے احتجاج کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

بلوچستان ہائیکورٹ نے محب اللہ ترین کی پی ٹی وی تعیناتی کے خلاف آئینی درخواست خارج کر دی

درخواست گزار کے حق میں قابل نفاذ قانونی حق موجود نہیں، عدالت نے درخواست میرٹ سے عاری قرار دے دی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) کوئٹہ سینٹر کے شعبہ کرنٹ افیئرز کے پروڈیوسر محب اللہ ترین کی پی ٹی وی میں (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ن لیگ کے افتخار گیلانی آزاد کشمیر کے 17 ویں وزیر اعظم منتخب

نومنتخب وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے 30 ووٹ حاصل کئے، مدمقابل سردار مختار کو 14 ووٹ ملے

مظفر آباد (اے این این) مسلم لیگ ن کے افتخار گیلانی آزاد کشمیر کے 17 ویں وزیر اعظم منتخب ہو گئے۔ نومنتخب وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے 30 ووٹ حاصل کیے جبکہ پیپلز پارٹی کے سردار مختار خان نے 14 ووٹ حاصل کیے۔ افتخار گیلانی پہلی بار 2011 میں منتخب ہو کر (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اسلام آباد میں 2 ہسپتال سنبھلتے نہیں، اچھل اچھل کر کہتے ہیں نیا صوبہ بنائیں گے، سینیٹر فلک ناز

بچے شاپنگ بیگ میں والدین کو دیے گئے، کہا کہ کسی کو بتانا نہیں، یہاں سے چلے جاؤ، سینیٹر کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر فلک ناز چترالی نے سانحہ پمز پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سینیٹ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال بھی موجود (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ترک بحریہ اور صومالی فورسز کی مشترکہ کارروائی 14 قزاق ہلاک، بحری جہاز بازیاب

قزاقوں کے زیر استعمال 4 کشتیاں تباہ کی گئیں، کیمرون کے جھنڈے تلے آپریٹ کرنے والا یہ جہاز جولائی کے اواخر میں ترکیے سے تنزانیہ کی بندرگاہ دارالسلام کے لیے روانہ ہوا تھا

فورسز نے کارروائی کے بعد MV LATUF نامی جہاز کا کنٹرول سنبھال کر اسے محفوظ بنا لیا ہے، جس نے اب بحفاظت اپنا سفر دوبارہ شروع کر دیا

موناڈیشو (جی این ایم) ترک بحریہ نے صومالی فورسز کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے صومالی قزاقوں کے قبضے سے بحری جہاز بازیاب کروا لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صومالی حکومت نے بتایا کہ ترک بحریہ نے صومالی مسلح افواج کے ساتھ مل کر کئی دنوں تک جاری رہنے والے ایک آپریشن کے بعد صومالی پانیوں میں اغوا ہونے والے ایک بحری جہاز کو بازیاب کرا لیا ہے، اس جھڑپ کے دوران 14 قزاق ہلاک ہوئے۔ صومالی وزارت دفاع کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق، 10 روزہ آپریشن کے دوران قزاقوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

عوامی مسائل کا حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ

ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر، ناقص معیار اور عوامی مفادات کے خلاف کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، وزیر مواصلات بلوچستان

محکمہ مواصلات و تعمیرات کی ذمہ داری ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرتے ہوئے منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی، عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی، جدید مواصلاتی نظام اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبے کے دور دراز علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے سے جوڑنے کے لیے سڑکوں، پلوں اور دیگر مواصلاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' میر سلیم کھوسہ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

Email: guldastabahar@gmail.com

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

روزنامہ
ABC Certified
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر انچیف ایم۔ نور محمد قلندرانی نے فروغ روزنامہ گلدستہ بہار قمر آباد روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

افتخار گیلانی کی وزارت عظمی

وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر بنانے کے فیصلہ نواز شریف کا تھا، کسی سے زیادتی نہیں کی گئی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم بنانے کے فیصلہ پارٹی قیادت اور میاں نواز شریف کا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی قیادت کیلئے مشکل فیصلہ تھا۔ چار امیدوار اس دوڑ میں شامل تھے لیکن کسی ایک کا انتخاب ہی ہونا تھا اور فیصلہ افتخار گیلانی کے حق میں ہوا، اس فیصلے سے کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی گئی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ شاہ غلام قادر پارٹی کے صدر ہیں، وہ ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے، انہیں اور راجا فاروق حیدر کو ٹیم میں شامل کریں گے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر بنانے کا فیصلہ نواز شریف کا تھا، کسی سے زیادتی نہیں کی گئی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم بنانے کا فیصلہ پارٹی قیادت اور میاں نواز شریف کا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی قیادت کیلئے مشکل فیصلہ تھا۔ چار امیدوار اس دوڑ میں شامل تھے لیکن کسی ایک کا انتخاب ہی ہونا تھا اور فیصلہ افتخار گیلانی کے حق میں ہوا، اس فیصلے سے کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی گئی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ شاہ غلام قادر پارٹی کے صدر ہیں، وہ ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے، انہیں اور راجا فاروق حیدر کو ٹیم میں شامل کریں گے۔

بقیہ 1

ذریعے جاری ہیں۔ وفاقی وزیر نے سوال اٹھایا کہ کیا اب ہاتھ پر اصرار کیا جارہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی سزا ختم ہونی سے خراب ہو رہی ہے؟ یہ ایک ایسا مسئلہ تھا جو عوامی جس کی انہوں شدید ضرورت ہے۔

بقیہ 2

دونوں اطراف سے باہمی دلچسپی کے امور پر مذاکرہ کیا گیا۔ سربراہ پاک فوج نے بتایا کہ فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز نے پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا اور دونوں برادر ممالک کے درمیان دیرینہ سٹریٹیجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انجینئر عبدالرحمان عبدالمحسن الفضلی نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا اور دونوں برادر ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا، بالخصوص زراعت اور ماحولیاتی پائیداری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔

بقیہ 3

تھے۔ اب انہیں کل شمل کی بیٹی دیا گیا ہے۔ میں نے آزاد کشمیر کے عوام سے کہا تھا مسلم لیگ ن کی حکومت ان کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لائے گی۔ نواز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر میں صحت اور تعلیم کی معیاری سہولیات، سیاحت، سرمایہ کاری اور بنیادی انفراسٹرکچر ہم کا حق ہے، آزاد کشمیر کے دور دراز علاقوں تک ترقی کے ثمرات پہنچنے چاہئیں، صرف بڑے شہروں تک ترقی محدود نہیں رہنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں، 100 روزہ اصلاحاتی پروگرام میں اسے اقدامات شامل ہے جو اعتماد کی بحالی کا باعث ہے، آزاد کشمیر کی ترقی کو حکومت کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح کے اقدامات کیلئے وفاقی ہر ممکن وسائل اور تعاون فراہم کرے گا، آزاد کشمیر کے عوام کو صحت تعلیم اور بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی کیلئے وفاقی اور آزاد کشمیر حکومت مل کر کام کریں۔ شہباز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے اور عوامی مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دی جائے، آزاد کشمیر کے نوجوانوں کیلئے روزگار، ہنرمندی اور معاشی مواقع بڑھانے کیلئے جامع حکمت عملی بنائی جائے، وزیراعظم کا آزاد کشمیر 100 روزہ اصلاحاتی ایجنڈے پر تیزی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ آزاد جموں و کشمیر کے وزیراعظم افتخار گیلانی اور انجینئر عارف فاروق نے اعتماد کا اظہار کرنے پر لیگ کی وفاقی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 4

قائم کرنے کا کسی منصوبے پر، جس میں بندرگاہوں، اور ڈاک ٹرمینلز، سٹریٹیجک اور تجارتی اہمیت کے حامل راستوں میں اضافہ ممکن ہوگا، اس کے ساتھ ساتھ کسٹمز روڈز کے تحت معاشیہ مراکز کی اپ گریڈیشن، 24 گھنٹے آپریشن اور جدید سیکیورٹی سہولیات کے فراہمی پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات اور ایس ایل سی سیت متعلقہ ادارے بندرگاہی نظام کی بہتری کیلئے مربوط اقدامات کو تیز کریں، اس سلسلے میں جدید آلات، سی ٹی وی نگرانی اور ہیوی سکینرز کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور شفاف بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ جدید پورٹیبل ویلیو سکینر یا قاعدہ کلیئرنس نظام اور اوپن ویلیو کارگو ایریاز میں توسیع سے آپریشنل سکیل کے حل کے لئے اقدامات جاری ہیں، انہوں سہولیات اور بہتر انتظامی شیڈولنگ سے بندرگاہ پر کارگو ہینڈلنگ بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بندرگاہی انفرا اسٹرکچر کی اپ گریڈیشن کے ساتھ ساتھ اصلاحات سے پاکستان کی تجارتی استعداد اور عالمی سپلائی میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 5

جو ذاب ایاز خان جوکیزئی کی صدارت میں کوئٹہ گریژن کمانڈر ایئر مارشل عبدالرحمن بلوچ اور ایئر

بقیہ 1

پیش کی۔ رپورٹ میں مختلف پسپتالوں اور دفاتر کی کارکردگی کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا گیا۔ وزیر صحت بحمد محمد کو زخمیوں کے غیر اضرار ملنے پر اداروں کے AiFRAMS پر حاضری درج نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف بااختیار تحت کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم کی غیر حاضری کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام اداروں کو ہدایت کی جائے کہ AiFRAMS پر سو فیصد عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور عدم تعمیل کی صورت میں ملازم کے متعلقہ حلقے انتظامی افسر کی ذمہ داری ہوگی متعین کی جائے۔

بقیہ 2

بیجنگ ایندی سامان بھیج رہا ہے۔ نیپال کے وزیر اعظم پلمبنر رشانہ نے ٹیلی فون کر کے قدرتی آفت کے بعد پاکستان کی جانب سے یکجہتی اور حمایت کے اظہار پر وزیر اعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کی جانب سے امداد کی فراہمی پر تشکر کا اظہار کیا۔

بقیہ 3

سرکاری ملازمین کی سینیارٹی کے حوالے سے درخواست پر 13 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا اور عدالت عظمیٰ نے ملازمین کی اپیلیں مقرر کرتے ہوئے سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ ملازمین کی سینیارٹی کی ریکارڈ ازسرِنو 7 مارچ 2018ء سے مؤثر ہوگی جبکہ گزٹ نوٹیفکیشن کی تاخیر ازسرِنو تحریر کی جائے گی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ انتظامی تاخیر کی سزا ملازمین کو نہیں دی جا سکتی اور ریاست اپنی انتظامی غلطی کا فائدہ نہیں اٹھا سکتی۔ انتظامی نااہلی کی وجہ سے ملازم کو قربانی کا بکرا نہیں بنایا جا سکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ ریکارڈ ازسرِنو کی گزٹ اشاعت میں تاخیر انتظامی کوتاہی تھی، ملازمین انتظامی تاخیر کے باعث اپنے قانونی حق سے محروم نہیں ہو سکتے، کورٹ میں تاخیر ریکارڈ ازسرِنو کی اشاعت کی تاریخ کا سینیارٹی کا واحد معیار نہیں بنایا جا سکتا، ملازمین کو کے ایم ایس ایکٹ کی واحد معیار نہیں بنایا جا سکتا، ملازمین کو کے ایم ایس ایکٹ کی سینیارٹی کی اشاعت کی تاریخ کا سینیارٹی کا

دکی آئی ڈی ڈھاکے میں 3 بھائی جل بحق، ایک شخص زخمی

جاں بحق تینوں افراد بھائی ہیں، جن کی شناخت جاں بحق افراد کی شناخت رحمت اللہ، دورانی اور نعمت اللہ پسران سلطان کے نام سے ہوئی ہے

زخمی ہونے والے شخص کا نام متیق اللہ ولد مولود بیک مجمد ہے، دھماکا مذہبی میں اس وقت ہوا، جب ایک گاڑی وہاں سے گزر رہی تھی، اس پی ڈی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع دکی کی تحصیل لونی کے علاقے گلی، ڈھاکہ خان میں آئی ایل ڈی دھماکے کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق دکی کی تحصیل لونی میں گلی، ڈھاکہ خان کے علاقے میں دکی

زخمی ہونے والے شخص کا نام متیق اللہ ولد مولود بیک محمد ہے۔ واقعے کے حوالے سے ایس پی دکی مصرادحمد بزدار کا کہنا کہ دھماکا مذہبی میں اس وقت ہوا، جب ایک گاڑی وہاں سے گزر رہی تھی۔ ایس پی نے مزید بتایا کہ جاں (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

ٹرمپ انتظامیہ کا نیا فیصلہ، پاکستانی سمیت غیر ملکی طلبہ کی انٹرن شپ خطرے میں

امریکی ایگزیکٹو کے تحت کام کرنے والے اسٹوڈنٹ ایکسچینج ویزٹ پروگرام نے 24 اگست کو جاعات کو ایک میمو جاری کیا ہے۔ رائٹرز کے مطابق امریکی ایگزیکٹو آرڈر اینڈ سٹنر انڈورسمنٹ کے تحت کام کرنے والے اسٹوڈنٹ ایکسچینج ویزٹر پروگرام نے 24 اگست کو جاعات کو ایک میمو جاری کیا ہے۔ میمو میں کہا گیا ہے کہ حکام نے غیر ملکی طلبہ کے لیے Curricular (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

واشنگٹن (یو این اے) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے غیر ملکی طلبہ کے لیے بعض انٹرن شپ اور عملی تربیتی پروگراموں کی اجازت معدود کرنے کی کوششیں شروع کردی ہیں۔ نئی ہدایات پر عمل نہ کرنے والی جاعمات کو غیر ملکی طلبہ کے داخلے کی اجازت سے محروم کیے جانے کا بھی انتبا دیا گیا

کوئٹہ: ایئر پورٹ روڈ پر ایک دکان پر ٹرک سے سبزیوں کے تھیلے اتارتا ہوا مزدور

نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم، روزگار کے مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، مریم نواز

ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے حکومتی نظام میں شفافیت سے کارکردگی بہتر بنائی جاسکتی ہے

بیجنگ (اے این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے حکومتی نظام میں شفافیت سے کارکردگی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ چائنہ انٹرنیشنل سٹی ڈیٹا انڈسٹری اکیڈمی 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پاک (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

گنداف، گوٹھ غلام نبی جمالی میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی عوامی مسائل کی سماعت

عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا حکومت کی ترجیح ہے، تمام شکایات کا ترجیحی ازالہ ہوگا، محمد رمضان پال

گنداف (اے این اے) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد نواز شریف سیکریٹری بلوچستان اور چیف سیکریٹری بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ضلع اوستہ محمد محمد رمضان پال کی جانب سے گوٹھ غلام نبی خان جمالی، خاٹوبر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس

میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کی تحقیقات کا آغاز

کراچی (اے این این) جوڈیشل کمیشن نے میر رضا کیس کی تحقیقات کا آغاز کر دیا، سربراہ جوڈیشل کمیشن جسٹس عمر سیال نے جمعہ کو سماعت شروع کی ہے۔ میر رضا کے وکیل اور والدین جوڈیشل کمیشن کے سامنے پیش ہوئے اس موقع پر جسٹس عمر سیال کا کہنا تھا کہ میرا یہ ہوتا جوڈیشل کمیشن ہے، متاثرین سے تعزیت کرنا چاہوں، میری کوشش ہوگی کہ میر رضا کے والدین کے درد میں کمی ہو، جسٹس عمر سیال نے کہا کہ کمیشن کی کوشش (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ایران کی ترکیہ میں امریکی صدر ٹرمپ کو قتل کرنے کے منصوبے کی تردید

ایران کوئی فیصلہ کرے تو اس پر عمل درآمد کو کوئی چیز نہیں روک سکتی، لیکن پیغمبر محمد تعین وہاں کی گمزی ہوئی کہانی ہے، محسن رضائی

تہران (اے این این) ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے ان خبروں کی تردید کی ہے کہ ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ترکیہ میں قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ حزب اللہ

پرسانحہ کے ذمہ داروں کو فراہم واقعی سزا دی جائے، وزیر دفاع خواجہ آصف

اسلام آباد (سی ایم نکلس) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پرسانحہ کے ذمہ داروں کا تعین کر کے ان کو فراہم واقعی سزا دی جائے، اور جنہوں اس سانحہ پر قائمہ کمیٹی اجلاس میں شرکت کرے، اس اجلاس کی کارروائی براہ راست قوم کو دکھائی جائے۔ کمیٹیوں میں کسی معاملہ کی تحقیقات میں دانستہ تاخیر کی جاتی ہے تاکہ معاملہ کی نظروں سے اوجھل ہوجائے۔ جمعہ قومی اسمبلی میں پرو (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

بی آر اے اور پرل کی جانب سے گرین انٹیشیو بلوچستان کے لیے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد

ٹیکس قوانین پر عملدرآمد، شفافیت اور بروقت ریٹرن فائلنگ سے متعلق افسران کو تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) اور پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (PRAL) کی ٹیم نے گرین انٹیشیو بلوچستان کے افسران و عملے کیلئے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا۔ تربیتی پروگرام کے دوران بلوچستان سیلز ٹیکس ریٹرن فائلنگ اور قابل اطلاق ودہولڈنگ ٹیکسز سے متعلق امور پر تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ شرکا کو

کوئٹہ: ریونیو خواتین کی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عوام پر جرگے میں خواتین شریک ہیں

مستونگ، مچکر شہر میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی فائرنگ، ایک شخص شدید زخمی

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی عبدالغنی لہڑی نواب خوٹ بخش ہسپتال منتقل، علاقے میں خوف و ہراس

مستونگ (یو این اے) مچکر شہر میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر معلوم ڈاکوؤں نے ایک ڈوئی کار پر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں چلتی ہارون کی راہگیر عبدالغنی ولد محمد ابراہیم لہڑی کو گلے میں گولی لگ گئی۔ واقعے کے فوراً بعد زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے شہید اواب خوٹ بخش سمو میں ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ فائرنگ کے اس دل دہلا دینے والے واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔

جنگبہ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات اور بھتہ کی تفتیش جاری ہے۔ مچکر شہر میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر معلوم ڈاکوؤں نے ایک ڈوئی کار پر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں چلتی ہارون کی راہگیر عبدالغنی ولد محمد ابراہیم لہڑی کو گلے میں شدید زخم آگئے۔ واقعے کے فوراً بعد زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے شہید اواب خوٹ بخش سمو میں ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔

داؤد و دو گروپوں میں خونی تصادم، 8 افراد جاں بحق، 3 زخمی

دونوں گروپوں کے درمیان شدید فائرنگ سے علاقہ میدان جنگ بن گیا اور لاشیں اٹھانے میں بھی رکاوٹیں پیش آرہی ہیں

جاں بحق افراد میں دونوں گروپوں کے 2، 2 سگے بھائی بھی شامل ہیں، علاقے میں خوف و ہراس، مکین گھروں میں محصور

داؤد (اے این این) صوبہ سندھ کے ضلع داؤد میں پیچے کے علاقے میں دو گروپوں میں خونی تصادم کے نتیجے میں دو سگے بھائیوں سمیت 8 افراد جاں بحق اور 3 دیگر خاتون سمیت تین زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق داؤد میں چاشنا بداری کے 2 گروپوں میں

وزیر صحت بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس، ہسپتالوں اور حاضری کا تفصیلی جائزہ

فرائض سے غفلت، غیر حاضری اور ڈیجیٹل حاضری کے نظام سے دانستہ اجتناب کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، بخت محمد کاکڑ

سرکاری ہسپتالوں میں طبی عملے کی بروقت موجودگی، مؤثر نگرانی اور عوام کو باقطل طبی سہولیات کی فراہمی حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیح ہے

ایجنٹل سیکریٹری صحت شیک بلوچ، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر ایس مندوخیل، کوئٹہ کے تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، چیف ایگزیکٹو آفیسرز، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، پرنسپل بولان میڈیکل کالج اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت

وزیراعظم شہباز شریف کے وزیراعظم بلینہ رشاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو بیگانی امدادی سامان بھیج رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کی دوپہر نیپال کے وزیراعظم بلینہ رشاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ وزیراعظم نے نیپال میں حالیہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں جانوں کے ضیاع اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے

پاکستان کی عوام اور حکومت کی جانب سے نیپال کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس مشکل وقت میں ہر ممکن تعاون اور امدادی پیشکش کی۔ وزیراعظم نے نیپال کو پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

کوئٹہ: دنکارہ مکان ملک پریس کلب کے سامنے احتجاج کر رہی ہیں

کراچی، سی ٹی ڈی اور حساس ادارے کی کارروائی، کالعدم سپاہ محمد کا مطلوب دہشت گرد گرفتار

گرفتار دہشت گرد اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پہلے لواف کی ریکی کرتا اور بعد ازاں نشانہ بناتا تھا، رپورٹ

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی میں سی ٹی ڈی کی ریڈ کے میں شامل ظاہر کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ ترجمان سی ٹی ڈی نے بتایا کہ گرفتار دہشت گرد (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

لیاز۔ ترجمان کے مطابق گرفتار دہشت گرد کالعدم سپاہ محمد کے رکن ہے، گرفتار دہشت گرد اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پہلے لواف کی ریکی کرتا اور بعد ازاں نشانہ بناتا تھا، رپورٹ

حکومت قیام امن میں اپنی ناہلی کا ملبہ باغات مالکان پر ڈال رہی ہے، مونا حیدری

سہولت کار قرار دینے سے عوام کو اپنے جائیدادوں سے جبری طور پر بے دخل کرنے کا منصوبہ ہے کسی کو اپنے جائیدادوں سے بے دخل کرنا کا قابل قبول ہے

اپنی ناکامی چھپانے کیلئے باغات کے مالکان کو سہولت کار قرار دے رہا ہے قیام امن ریاست کی ذمہ داری ہے، مرکزی جنرل سیکریٹری جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکریٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ حکومت قیام امن میں اپنی ناکامی کا ملبہ باغات مالکان پر ڈال رہی ہے اب اپنی ناکامی چھپانے کے لیے باغات کے مالکان کو سہولت کار قرار دے رہا ہے قیام امن ریاست کی ذمہ داری ہے۔ باغات کے مالکان کو دہشت گردوں کا سہولت کار تصور کرنا باغات کو ختم کرنا ہے باغات سے منتقلی سے جب باغات مالکان خود اپنے آپ کا تحفظ نہیں کر سکتے

بلوچستان بورڈ کا میٹرک امتحانات 2027 کے لیے فارم اور فیس جمع کرانے کا شیڈول جاری

سنگلی فیس کے ساتھ 2 ستمبر، ڈبل فیس 18 ستمبر اور ٹرپل فیس کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 مقرر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی جانب سے میٹرک سالانہ امتحانات 2027 کے لیے امتحانی فارم اور فیس جمع کرانے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بولان، جلال خان گاؤں سے کلینک پر موجود قبائلی رہنما میر اسرار احمد مغیری اغواء

ہماری کسی بھی اقوام یا خاندان سے کوئی دشمنی نہیں، مغیری خاندان کا معنوی کی فوری بازیابی کا مطالبہ

بولان (یو این اے) بولان کے علاقے جلال خان گاں سے منگ اور معلوم افراد نے پرائیویٹ ایمبلنس سے اغوا کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جلال خان ورکر وقبائلی رہنما میر اسرار احمد مغیری کو ان کے کلینک سے اغوا کرلیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ریاست اپنی انتظامی غلطی کا فائدہ نہیں اٹھا سکتی، سپریم کورٹ کا ملازمین کی سینیارٹی کیس کا فیصلہ

جسٹس منظور حسین علی منظور نے خیبر پختونخوا ملازمین کی سینیارٹی سے متعلق کیس کا فیصلہ جاری کردیا

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے خیبر پختونخوا کے ملازمین کی سینیارٹی سے متعلق کیس میں درخواست منظور کرتے ہوئے فیصلے میں کہا ہے کہ ریاست اپنی انتظامی غلطی کا فائدہ نہیں اٹھا سکتی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس محمد علی منظور نے خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

تمام آئل ریفائنریز اپ گریڈیشن کیلئے معاہدوں پر دستخط کیلئے تیار

فوری طور پر پٹرول اور ڈیزل کی تیاری سے قیمتوں میں کمی میں بھی مدد مل سکتی ہے، وزیر پیٹرولیم

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ تمام آئل ریفائنریز ریفائنری اپ گریڈیشن کیلئے معاہدوں پر دستخط کیلئے تیار ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کراچی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ملاقاتوں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

ضندار، جماعت اسلامی کی کال پر 3 ستمبر ضلع بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

تاجر برادری اور عوام ہڑتال کو کامیاب بنا کر پرامن احتجاج میں حصہ لیں، جماعت اسلامی ضندار

ضندار (یو این اے) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر مکمل بھرپور طرح ضلع ضندار میں بھی جماعت اسلامی نے تین ستمبر 2026 بروز جمعرات مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کردیا ہے۔ جماعت اسلامی ضلع ضندار کے ذمہ داران نے کہا ہے کہ مرکزی امیر کی اپیل پر ضلع بھر میں ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے تاجر برادری، دکاندار (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

کوئٹہ، آبادی والے علاقوں میں غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف سخت کریک ڈاؤن

عوام کا تحفظ اولین ترجیح، بغیر اسلحہ والے کے بعد انتظامیہ کا غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف باقطل کارروائی کا عزم

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بادینی کے احکامات پر آبادی والے علاقوں میں قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے سخت کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 63 منی پیٹرول پمپس سیل جبکہ 72 افراد کو گرفتار کرکے جیل منتقل کردیا کارروائیاں پشتون آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

پہلے ڈیجیٹل ریٹیل بینک کو پاکستان میں پائلٹ آپریشنز کی اجازت

بیو کو بینک نے انٹیلٹ بینک آف پاکستان سے کنٹرولڈ پائلٹ آپریشنز شروع کرنے کی منظوری حاصل کرلی

کراچی (اے این این) بیو کو بینک کو پاکستان میں پائلٹ آپریشنز شروع کرنے کی منظوری مل گئی، جو پاکستان اور سنگاپور کے سرمایہ کاروں کے اشتراک سے قائم ایک ڈیجیٹل (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

قومی اسمبلی اجلاس، سائنہ پمپر میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی

اسلام آباد (یو این اے) قومی اسمبلی میں سائنہ پمپر میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی گئی۔ شاہد میری نے ایوان میں نکتہ اعتراض پر کہا کہ پمپر میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی جائے۔ ڈپٹی سپیکر کے کہنے پر ایوان میں وفاقی وزیر جنید انوار چودھری نے پمپر سانحہ میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی۔ قومی اسمبلی میں سانحہ پمپر میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی گئی۔

ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگا واٹ سے تجاوز کر گیا، لوڈ شیڈنگ جاری

اسلام آباد (اے این این) ملک میں بجلی کا شارٹ فال بڑھ سے لاہور سے پنجاب بھر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ طویل ہوگئی۔ پنجاب بھر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے اور لاہور میں شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر ایک گھنٹے کے بعد ایک گھنٹے کیلئے بجلی بند کی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو کا شارٹ فال 1200 میگاواٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

میر پور خاص، ہوجو بیلش کمیشن کی تحقیقات کا آغاز

کراچی (اے این این) ہوجو بیلش کمیشن نے میر رضا کیس کی تحقیقات کا آغاز کر دیا، سربراہ جوڈیشل کمیشن جسٹس عمر سیال نے جمعہ کو سماعت شروع کی ہے۔ میر رضا کے وکیل اور والدین ہوجو بیلش کمیشن کے سامنے پیش ہوئے اس موقع پر جسٹس عمر سیال کا کہنا تھا کہ میرا یہ ہوتا جوڈیشل کمیشن ہے، متاثرین سے تعزیت کرنا چاہوں، میری کوشش ہوگی کہ میر رضا کے والدین کے درد میں کمی ہو، جسٹس عمر سیال نے کہا کہ کمیشن کی کوشش (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

جاوجڑ، بم دھماکے کے نتیجے میں 2 بچے زخمی

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کی تحصیل داؤہ ماموند کے علاقے ڈمہ ڈاخوڑ میں بم دھماکے کے نتیجے میں دو بچے زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں میں ابوذر ولد عبدالرحمٰن اور زاہد ولد سراج الدین شامل ہیں، زخمی ہونے والے دونوں بچوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال خار منتقل کردیا گیا۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کردی ہے۔

شکارپور، انڈس ہائی وے پر موٹر سائیکل کوکر، 3 افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

شکارپور (اے این این) شکارپور کی تحصیل خانپور کے قریب انڈس ہائی وے پر تیز رفتار مزدا نے موٹر سائیکل کو کر مار دی، جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار تین افراد موقع پر ہی جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق افراد کی شناخت حاکم اوڈ، خانپور، ممتاز اور صھوا اوڈ کے نام سے ہوئی ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائی شروع کردی (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

چھمتر کے علاقے میں بجلی کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھمتر کے علاقے میں بجلی کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا۔ سندھ اور پنجاب کے متعدد علاقوں میں بجلی سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ چھتر کے حدود بیف فیڈ ایریا میں بجلی کے ٹاور پر پلانٹ سے سندھ اور پنجاب جانے والی بجلی پائی ٹرانسمیشن سسٹم 220 کے وی کے ٹاور کو نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا دھماکہ اس قدر شدید تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

کیچ تھر کینال کی ذیلی نہروں کے ٹیل تین ماہ سے پانی سے محروم

لاکھوں روپے کی فصلیں تباہ، کسان معاشی بدحالی کا شکار: مولانا غلام نبی جاگیرانی

گنداف (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما اور ضلع امیر اور اسلام کے ضلعی جوائنٹ سیکرٹری مولانا غلام نبی جاگیرانی نے کہا ہے کہ کیچ تھر کینال کے ٹیل تک نہ پہنچنے والی ذیلی نہروں کے ٹیل میں گزشتہ تین ماہ سے زرعی پانی کی شدید قلت ہے صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے معذرت صارفین سے معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمتی کاموں کے باعث 30 اگست (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

گوٹھ غلام نبی جمالی میں کھلی کچہری، شہریوں نے پانی، بجلی اور صحت سمیت بنیادی مسائل پیش کردیے

عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں، محض یقین دہانیوں تک محدود نہ رہا جائے: ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد

اوستہ محمد (اے این این) صوبائی حکومت بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پال کی قیادت میں گوٹھ غلام نبی جمالی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے درپیرہ اور بنیادی مسائل ضلعی انتظامیہ کے سامنے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

وفاقی محتسب کے حکم پر 11 ہزار کے وی کی لائنوں کو ہٹا دیا گیا

عوامی حلقوں نے اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ کی جانب سے سنگلی میں بجلی کی 11 ہزار کے وی لائنوں کو ہٹا دیا گیا ہے۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ وہ اس سلسلے میں دو کئی مرتبہ متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہ ہوئی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشت گرد ہلاک، اسلحہ برآمد

ہلاک دہشتگرد دسیوں سے سنگین بار افغانستان کا افغان مہاجر کا ذہن بھی ہوا ہے، سی ٹی ڈی

پشاور (اے این این) صوبائی دارالحکومت پشاور کے نواحی علاقے میرا پکھڑی قبرستان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے بیان کے مطابق پشاور کے علاقے میرا پکھڑی قبرستان میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی گئی۔ سی ٹی ڈی کا کہنا ہے کہ فائرنگ رکنے کے بعد سرچ آپریشن کے دوران 4 دہشت گردوں کی لاشیں برآمد ہوئیں، جبکہ دہشت گرد رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ: وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

ملک بھر میں طویل دورانیے کی بجلی بندش جاری لوڈ شیڈنگ 16 گھنٹے تک پہنچ گئی

آر ایل این جی کی عدم دستیابی سے بجلی کی پیداوار میں تقریباً 3 ہزار 600 میگاواٹ کی کمی ہوئی، جبکہ منگلا ہائیڈرو پاور منصوبے سے پیداوار بھی تقریباً 195 میگاواٹ کم ہے

تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد و اخراج ایک لاکھ 82 ہزار 100 کیوسک ہے، ترجمان واپڈا

جنوبی علاقے متاثر ہیں، جنوبی پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے علاقے دو گھنٹے سے 8 گھنٹے تک لوڈ شیڈنگ کا سامنا کر رہے ہیں، ذرائع کے مطابق ملک بھر میں رات کے اوقات میں بجلی بندش کا دورانیہ زیادہ ہے۔ حکام (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ماں کا دودھ پینے کی بقا اور نشوونما کے لیے ضروری ہے، اس کا فروغ پورے معاشرے کا فرض ہے، مقررین

ڈاہدین (یو این اے) محکمہ صحت اور ٹیریٹیرین ایگریکلچرز بلوچستان کے زیر اہتمام ضلع جاٹی میں ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ہفتے کے سلسلے میں ڈی ایچ او آفس ڈاہدین میں پریس بریفنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ماں کے دودھ کی اہمیت، بچوں کی بہتر نشوونما اور تندرستی مسائل سے متعلق آگاہی دی گئی۔ پریس بریفنگ سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاوید حسن سیاہ پاد اور ڈسٹرکٹ ٹیریٹیرین کوآرڈینیٹر خلیفہ عبدالباسط اسپنجانی نے خطاب کیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران، ایڈوکیسی ہیلتھ ورکرز بلوچستان، مڈوائف کے اہلکاروں اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ماں کا دودھ بچے کے لیے قدرتی، مؤثر اور مفت کی بچانے والی غذا ہے، جو بچے کی بقا، جسمانی و ذہنی نشوونما اور بیماریوں سے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کے ابتدائی ایک ہزار دن بچے کی صحت (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ڈاہدین، ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ہفتہ پر ڈی ایچ او آفس میں پریس بریفنگ، ماں کے دودھ کی اہمیت پر زور

ماں کا دودھ بچے کی بقا اور نشوونما کے لیے ضروری ہے، اس کا فروغ پورے معاشرے کا فرض ہے، مقررین

ڈاہدین (یو این اے) محکمہ صحت اور ایگریکلچرز بلوچستان کے زیر اہتمام ضلع جاٹی میں ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ہفتے کے سلسلے میں ڈی ایچ او آفس ڈاہدین میں پریس بریفنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ماں کے دودھ کی اہمیت، بچوں کی بہتر نشوونما اور تندرستی مسائل سے متعلق آگاہی دی گئی۔ پریس بریفنگ سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاوید حسن سیاہ پاد اور ڈسٹرکٹ ٹیریٹیرین کوآرڈینیٹر خلیفہ

88 ممالک میں 20 ہزار پاکستانیوں کے قید ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (ٹی این این) دنیا کے 88 ممالک کی جیلوں میں 20 ہزار پاکستانیوں کے قید ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ ان ملک جیلوں میں قید پاکستانیوں کی دستاویز میں معلوم ہوا ہے کہ 88 ممالک کی جیلوں میں بیس ہزار پاکستانی شہری قید ہیں۔ ان میں سزائے موت کے 68 پاکستانی شامل ہیں تنہیں دہشت گردی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

سپریم کورٹ کا 27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواست وصول کرنے سے انکار

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے سائیسویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواست وصول کرنے سے انکار کردیا۔ رجسٹرار آفس نے موقف اختیار کیا کہ اس نوعیت کی درخواستیں وفاقی آئینی عدالت میں دائر ہوسکتی ہیں۔ سائیسویں ترمیم جسٹس (ر) شہر رضا رضوی کی جانب سے چیلنج کی گئی تھی، درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ یہ آئین پاکستان قانون ساز اسمبلی نے تشکیل دیا تھا اور قانون ساز اسمبلی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

پاکستانیوں کی امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو بیگانی امدادی سامان بھیج رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کی دوپہر نیپال کے وزیراعظم بلینہ رشاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ وزیراعظم نے نیپال میں حالیہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں جانوں کے ضیاع اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی عوام اور حکومت کی جانب سے نیپال کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس مشکل وقت میں ہر ممکن تعاون اور امدادی پیشکش کی۔ وزیراعظم نے نیپال کو پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

کوئٹہ: دنکارہ مکان ملک پریس کلب کے سامنے احتجاج کر رہی ہیں

ہریا کستانی سالانہ 115 کلو آٹا کھاتا ہے، محکمہ خوراک

اسلام آباد (سی این این) محکمہ خوراک کے ذرائع نے کہا ہے کہ سالانہ بنیاد پر پاکستانی میں ہر شہری 115 کلو آٹا کھاتا ہے۔ محکمہ خوراک کے ذرائع کے مطابق ملک میں سالانہ 2 کروڑ 80 لاکھ ٹن گندم